


SINCE: 2001 WITH POSITIVE VALUES

# TAMIR -E- SIASAT

# تعمیر سیاست




Editor in chief :Quazi Makhdoom 9270574444 Tameerurdu@gmail.com

نائب مدیر: قاضی مجیب الرحمن ایڈیٹران چیف: قاضی مخدوم

RNI.NO.MAHURD/2017/72712 / Vol:08 / Issue : 320 Monday 1st Dec 2025 / Rs.2 / Pages: 4 / www.dailytameer.com / جلد نمبر ۸، شمارہ نمبر ۳۲۰/مورخہ، یکم/دسمبر ۲۰۲۵ء، بروز پیر، ۱۰/جمادی الثانی ۱۴۴۷ھ، قیمت ۲/روپے، صفحات: ۴

# تشہیری مہم کے دوران زہریلے رانے برادران کی آپسی رنجش منظر عام پر

## ہندوتو کے لیے کریڈیٹ کی جنگ نلیش کا وزیر نتیش پر نشانہ

**(ضمیر قاضی)**

ممبئی: ریاست میں نگر پریشد اور پنچایت سمتی کے انتخابات کے پرچار نے زور پکڑ لیا ہے، ایسے میں سندھودرگ ضلع میں بی جے پی اور شیوسینا (شندے گروپ) کے درمیان روزانہ تنازعہ کھل کر سامنے آ رہا ہے۔ رکن پارلیمنٹ نارائن رانے کے دونوں بیٹوں وزیر نتیش رانے اور رکن اسمبلی نلیش رانے کے درمیان شدید جھگڑا بھڑک اٹھا ہے۔ نلیش رانے نے مہایوتی حکومت میں وزیر اپنے چھوٹے بھائی نتیش رانے پر طنز کرتے ہوئے کہا: ''میں بلی کا بکرا بننے والا کوئی دودھ پیتا بچہ نہیں ہوں، اور تم لوگوں میں اچانک ہندتو کیوں جاگ اٹھا، یہ بتانے پر مجبور نہ کرو۔'' دوسری طرف نتیش رانے نے جواب دیا: ''رانے خاندان کا خون ہی بھگوا ہے۔'' مقامی خود اختیار اداروں کے انتخابات میں مہایوتی کے اجزاء یعنی بی جے پی، شندے شیوسینا اور اجیت پوار کی این سی پی کے درمیان کئی مقامات پر جھگڑے چل رہے ہیں۔ سندھودرگ میں تو رانے برادران کے درمیان کھل کر لڑائی ہو گئی ہے۔ شندے گروپ کے رکن اسمبلی نلیش رانے نے بی جے پی کے ایک عہدہ دار کے گھر سے 25 لاکھ روپے نقد برآمد کروا دیے تھے اور الزام لگایا تھا کہ بی جے پی کے صوبائی صدر راویندر چوہان کی ہدایت پر یہ رقم ووٹروں میں تقسیم کرنے کے لیے لائی گئی تھی۔ اس پر



وزیر نتیش رانے نے کہا تھا کہ نلیش کو شیوسینا والے بلی کا بکرا بنا رہے ہیں اور چوہان صاحب کو صرف بولنے پر مجبور کیا جا رہا ہے۔ اتوار کو نلیش رانے نے اس کا سخت جواب دیا۔ ایک نیوز چینل سے بات کرتے ہوئے انھوں نے کہا: ''میں بلی کا بکرا بننے والا کوئی دودھ پیتا بچہ نہیں ہوں۔ بی جے پی پیسے کے بل بوتے پر ووٹر خرید رہی ہے، اس لیے جنتا اسے سبق سکھائے بغیر نہیں رہے گی۔ تم لوگوں میں اچانک ہندتو کیوں ابھرا، کس نے مجبور کیا، یہ بتانے پر مجبور نہ کرو۔'' انھوں نے مزید کہا: ''دو۔تین مہینے پہلے تک یہ لوگ مجھے بی جے پی میں شامل ہونے کی آفر دے رہے تھے، میں نے انکار کر دیا۔ میں نے کہہ دیا تھا کہ ایک ناتھ شندے کو نہیں چھوڑوں گا۔ بی جے پی نے ٹکٹ دینے سے انکار کیا تو میں نے وزیر اعلیٰ فڈنویس کے پاؤں پکڑ کر پارٹی چھوڑ دی تھی۔ دس سال تک کنارے لگا رہا، ایک ناتھ شندے نے دوبارہ موقع دیا۔ اگر میں انھیں چھوڑ دوں تو خدا اور ماں باپ بھی مجھے معاف نہیں کریں گے۔'' رانے برادران کے جھگڑے سے ریاست کی سیاست مزید گرم ہو گئی ہے اور حکمران مہایوتی کے اندر ہی دو بڑے اجزاء کے درمیان یہ لڑائی آگے بھی جاری رہنے کی پوری امید ہے۔ آئندہ کئی قسطیں دیکھنے کو ملیں گی۔

-*-*-*-

# حکمرانوں نے جتنی بھی ریلیاں کیں، بیڑ کا ووٹر ہمارے ساتھ ہے: رکن اسمبلی سندیپ شیرساگر

## ماحول بن گیا، عوام توتاری اور مشعل کے حق میں

بیڑ۔ 30 (نمائندہ) حکمرانوں نے جتنی بھی ریلیاں اور جلسے کیے ہوں، بیڑ کا عام ووٹر ہمارے ساتھ ہے۔ اس لیے جیت یقینی ہے، یہ اعتماد رکن اسمبلی سندیپ شیرساگر نے ظاہر کیا۔ نگر پریشد الیکشن کے پرچار کے سلسلے میں اتوار (30 نومبر) کو وارڈ نمبر 14، 4، 23 اور 24 میں منعقد ہونے والی کارنر میٹنگز میں وہ خطاب کر رہے تھے۔ دریں اثناء، نیشنلسٹ کانگریس پارٹی (شراد چندر پوار گروپ)، شیوسینا (ادھو بالاصاحب ٹھاکرے گروپ) اور سوشلسٹ پارٹی کے اتحاد کی وجہ سے شہر میں توتاری اور مشعل کا ماحول بن چکا ہے۔ نیشنلسٹ کانگریس پارٹی (شراد چندر پوار)، شیوسینا ادھو بالاصاحب ٹھاکرے اور سماجوادی پارٹی اتحاد کی جانب سے بیڑ نگرادھیکش پد کی امیدوار سمیتا وشنو واگھمارے، وارڈ 14 سے نگرسیوک امیدوار کلیانی اشوک راجپوری، دھم پریا روی واگھمارے، وارڈ 4 سے بھارت بھاسکر کامبلے، منگلا بائی سنجے چاندنے، کالا ہنمان تھانہ علاقے اور پٹھ بیڑ میں جبکہ وارڈ 23 اور 24 سے خورشید میاں مومن شاہ محمد، شیخ بانو بیگم محمود، زویا انم محمد مسیح الدین، شیخ افسر شیخ محمد کے پرچار کے لیے مومن پورہ میں رکن اسمبلی سندیپ شیرساگر نے کارنر میٹنگز کیں۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے رکن اسمبلی سندیپ شیرساگر نے کہا کہ بیڑ میں جلسوں کی ہوڑ لگ گئی ہے، لیکن حکمران جتنے بھی جلسے کریں، بیڑ کا عام ووٹر ہمارے ساتھ ہے۔ آنے والی 2 دسمبر کو توتاری اور مشعل کے نشان کے سامنے والا بٹن دبا کر ہمارے تمام امیدواروں کو کامیاب بنائیں، ایسی اپیل انھوں نے کی۔ اس موقع پر سابق رکن اسمبلی سید سلیم، سابق رکن اسمبلی سنگیتا ٹھومبرے، نیشنلسٹ کانگریس پارٹی (شراد پوار) کے ضلع صدر راجندر مسکے، ڈیموکریٹک پارٹی آف انڈیا کے صوبائی صدر اور امبیڈکروادی تحریک کے اہم چہرے اجنکیے چاندنے، نگرادھیکش امیدوار سمیتا وشنو واگھمارے، نگرسیوک امیدوار اور ہزاروں کی تعداد میں ووٹر موجود تھے۔



# گھڑی مہاراشٹر میں مسلمانوں کے وقت کو کارآمد بنائیگی، بیڑ کے امیدوار کی کامیابی بھی یقینی: نواب ملک



بیڑ (تعمیر ڈیسک) سابق ریاستی وزیر و مقبول مسلم لیڈر نواب ملک گزشتہ دنوں بیڑ میں راشٹروادی کے نگر پریشد اُمیدواروں کے تشہیر کے لیے بیڑ کے دورہ پر تھے اس موقع پر وہ دفتر تعمیر بھی تشریف لائیں ان اس دوران انہوں نے بیڑ ضلع کے سیاسی حالات و مسلم مسائل پر گفتگو کی نیز اس بات کا اظہار کیا کہ ریاست کے موجودہ سیاسی منظر نامے میں اجیت پوار وہ واحد قیادت ہے جو کسی سیاسی مصلحت کی پرواہ نہ کرتے ہوئے مسلمانوں کے مسائل کو ترجیحاً حل کر رہے ہیں اور ان کی قیادت مستقبل میں بھی مسلمانوں کے تعلیمی معاشی اور مذہبی امور کے معاملات میں موثر ثابت ہوگی اپنی گفتگو میں انھوں نے ان عزم کا اظہار کیا کہ بیڑ میں انہوں تمام طبقات کے اندر اجیت پوار کی جو مقبولیت دیکھی ہے اس سے یہ اندازہ لگانا آسان ہوگیا کہ بیڑ میں صدر بلدیہ کی نشست کے لیے شیخ مجیب کی ساس صاحبہ پریم لتا پاروے کی کامیابی یقینی ہے۔ مہمان موصوف کی آمد پر مدیر اعلیٰ قاضی مخدوم نے ان کا خیر مقدم کیا اس موقع پر رکن تعمیر قاضی مجیب الرحمٰن، قمر ناز، نبیل الزماں، شاکر قاضی کے علاوہ پارٹی کے ضلع صدر راجیشور چوہان، کلیان اکھاڑے، قمر علی خان، بھاگوت تاورے، بڑی رام گوتے، سمیر شیخ و دیگر معززین بھی شریک تھے۔

## نتن گڈکری پھر بی جے پی پر برہم، اقرباء پروری کا الزام

مرکزی وزیر نتن گڈکری نے ایک بار پھر اپنی پارٹی کے خلاف محاذ کھولا ہے۔ انہوں نے بی جے پی پر اقربا پروری کا الزام لگاتے ہوئے کہا ''جو کارکنان ۲۰/۔۳۰/سال سے پارٹی کیلئے محنت کرنے والا کارکن جب الیکشن کے وقت ٹکٹ مانگنے جاتا ہے تو اسے نظر انداز کر کے کسی وزیر کی بیوی کو ٹکٹ دیدیا جاتا ہے۔'' گڈکری نے یہاں تک کہہ دیا کہ ''حیرانی کی بات یہ ہے کہ عوام انہیں ووٹ بھی دیتے ہیں۔ عوام کو چاہئے کہ ایسے امیدواروں کو ووٹ نہ دیں تا کہ انہیں سبق ملے۔''

## آدھار کارڈ کی بنیاد پر بنائے گئے تمام برتھ اور ڈیتھ سرٹیفکیٹ منسوخ ہوں گے، ۱۴/اضلاع واچ لسٹ میں

ریاستی حکومت نے آدھار کارڈ کی بنیاد پر بنائے گئے تمام 'جعلی' پیدائش اور موت کے سرٹیفکیٹ کے خلاف ایک بڑا کریک ڈاؤن شروع کیا ہے۔ مبینہ دھوکہ دہی کو روکنے کیلئے ایسے تمام مشتبہ سرٹیفکیٹ کو منسوخ کر دیا جائے گا، اس کیلئے انتظامیہ کو ریاست بھر میں سخت نگرانی رکھنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ حکومت کا دعویٰ ہے کہ اس اقدام کے ذریعے ریاست میں فراڈ اور جعلی شناخت کے بڑھتے ہوئے معاملات کو روکنے میں مدد ملے گی۔ یاد رہے کہ ۲۰۲۴ء کے پارلیمانی الیکشن کے بعد سے مہاراشٹر حکومت نے برتھ سرٹیفکیٹ اور ڈیتھ سرٹیفکیٹ کے معاملے میں خصوصی طور پر چھان بین کا سلسلہ شروع کیا ہے۔ بی جے پی لیڈر کریٹ سومیا خاص طور سے ریاست کے مسلم علاقوں میں جا کر مقامی حکام سے شہریوں کے برتھ اور ڈیتھ سرٹیفکیٹ کی چھان بین کا مطالبہ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کئی لوگوں کے سرٹیفکیٹ منسوخ بھی کروائے ہیں۔ اب مہاراشٹر حکومت نے آدھار سے منسلک پیدائش اور موت کے سرٹیفکیٹ میں پائی جانے والی بے ضابطگیوں کے نام پر تمام 'مشتبہ سرٹیفکیٹ' کو منسوخ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ کہا جا رہا ہے کہ ریاست میں جعلی سرٹیفکیٹ کی ایک بڑی تعداد تیار کی جا رہی تھی، جن کا استعمال مختلف سرکاری فوائد، دستاویزات اور شناخت سے متعلق عمل کیلئے کیا جا رہا تھا۔ اس کی روشنی میں ریاستی انتظامیہ کو تمام اضلاع میں فوری طور پر تحقیقات تیز کرنے اور سخت کارروائی کرنے کی ہدایت دی گئی ہے۔ مہاراشٹر حکومت کی طرف سے ہدایات دی گئی ہے کہ (۱) صرف آدھار کارڈ کا استعمال کرتے ہوئے 'ثبوت' کے طور پر جاری کردہ پیدائش اور موت کے سرٹیفکیٹ منسوخ کر دیئے جائیں۔ (۲) وہ سرٹیفکیٹ جو درخواست دہندگان کے آدھار کی تفصیلات اور آدھار ڈیٹا سے میل نہیں کھاتے ہیں فوری طور پر منسوخ کر دیئے جائیں (۳) حکام اب ہر سرٹیفکیٹ کو ڈیجیٹل طور پر ٹریک کریں اور مشکوک کیسوں کی نشاندہی کے بعد رپورٹ پیش کریں۔ اکولہ اور امراوتی سمیت ۱۴/اضلاع کو خصوصی 'واچ لسٹ' میں رکھا گیا ہے۔ ان اضلاع میں مبینہ طور پر سب سے زیادہ سرٹیفکیٹ اور بے ضابطگیوں کی شکایات موصول ہوئی ہیں۔ ان میں اکولہ، امراوتی، چندر پور، ناندیڑ، لاتور، عثمان آباد، بلڈانہ، بیڑ، گوندیا، گڈ چرولی اور احمد نگر شامل ہیں۔

# کوہلی کی سنچری، رانچی ونڈے میں ہندوستان کی افریقہ پر شاندار جیت

رانچی: رانچی میں کھیلے گئے تین میچوں کی ونڈے سیریز کے افتتاحی مقابلے میں ہندوستان نے جنوبی افریقہ کو 17 رنز سے شکست دے کر شاندار آغاز کیا اور سیریز میں 1-0 کی برتری حاصل کر لی۔ ٹیم انڈیا نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 350 رنز کا بڑا ہدف کھڑا کیا، جس کی بنیاد وراٹ کوہلی کی شاندار سنچری نے رکھی۔ کوہلی نے 135 رنز کی دلکش اننگ کھیلی، جبکہ روہت شرما اور کے ایل راہل نے بھی اہم کردار ادا کیا۔ میچ کے ابتدا میں ہندوستان کو جلد ہی یشسوی جیسوال کے آؤٹ ہونے پر جھٹکا لگا لیکن اس کے بعد روہت اور کوہلی نے نہ صرف اننگ کو سنبھالا بلکہ جارحانہ کھیل پیش کرتے ہوئے 136 رنز کی شراکت قائم کی۔ روہت نے 57 رنز بنائے اور اپنی اننگ کے دوران شاہد آفریدی کا چھکوں کا ریکارڈ بھی توڑ دیا۔ وراٹ کوہلی نے تیز رفتاری سے نصف سنچری مکمل کی اور بعد میں 11 چوکوں اور 7 چھکوں کی مدد سے 135 رنز کی شاندار اننگ کھیل کر ٹیم کو مضبوط مقام تک پہنچایا۔ آخری مرحلے میں کے ایل راہل کے 60 رنز نے اسکور کو 350 تک پہنچانے میں اہم کردار ادا کیا۔ جواب میں جنوبی افریقہ کی شروعات انتہائی کمزور رہی۔ دوسرے ہی اوور میں ہرشت رانا نے ریکلٹن اور کوئنٹن ڈی کوک کو آؤٹ کر کے ہندوستان کو زبردست برتری دلائی۔ پانچویں اوور میں مارکرام بھی عرشدیپ سنگھ کا شکار بنے۔ اگرچہ درمیان میں بریوز، جانسن اور بریٹسکے نے مزاحمت دکھاتے ہوئے اسکور کو آگے بڑھایا لیکن ہندوستانی بولرز نے دباؤ برقرار رکھا۔ کلدیپ یادو نے انتہائی اہم مواقع پر وکٹیں حاصل کر کے جنوبی افریقہ کی پیش قدمی روک دی۔ انہوں نے 4 وکٹیں لے کر جنوبی افریقہ کی بیٹنگ لائن اپ کو مسلسل جھٹکے دیے۔ ہرشت رانا نے 3 وکٹیں، عرشدیپ نے 2 جبکہ پرسدھ کرشنا نے ایک وکٹ حاصل کی۔ ایک موقع پر جانسن اور بریٹسکے کی 97 رنز کی شراکت نے میچ میں سنسنی پیدا کی لیکن کلدیپ نے دونوں کو جلدی پویلین بھیج کر ہندوستان کی گرفت مضبوط کر دی۔ آخری اوور میں جنوبی افریقہ کو 18 رنز درکار تھے مگر پرسدھ کرشنا نے بوش کو آؤٹ کر کے میچ ختم کر دیا۔ پوری ٹیم 332 رنز پر آؤٹ ہوگئی اور ہندوستان نے رانچی میں شاندار جیت درج کر لی۔






# ایس آئی آر، بی ایل او کی اموات اور دہلی دھماکہ، سرمائی اجلاس میں موضوع بحث

نئی دہلی: کل یعنی 30 نومبر کو، سونیا گاندھی کی قیادت میں کانگریس کے پارلیمانی حکمت عملی گروپ کی میٹنگ پارلیمنٹ کے سرمائی اجلاس کے تعلق سے ہوئی۔ قائدین نے متفقہ طور پر اسپیشل انٹینسیو ریویو (ایس آئی آر) پر بحث کا مطالبہ کیا، جس سے سرمائی اجلاس میں افراتفری کا آغاز ہونے کی امید ہے۔ لوک سبھا میں قائد حزب اختلاف راہل گاندھی نے کانگریس کے پارلیمانی حکمت عملی گروپ کی میٹنگ کو ان اہم مسائل کے بارے میں بتایا جن پر اپوزیشن حکومت سے سوال کرے گی۔ ذرائع کے مطابق کانگریس میٹنگ میں پارٹی کے رکن پارلیمنٹ اور قائد حزب اختلاف راہل گاندھی نے کہا کہ ایس آئی آر میں بی ایل او کی خودکشی ایک سنگین مسئلہ ہے اور اسے پارلیمنٹ میں اٹھایا جائے گا۔ انہوں نے کہا، "ایس آئی آر کے نام پر، بی جے پی پسماندہ، دلت، اور محروم غریب ووٹروں کو فہرست سے نکال کر اپنی مرضی کے مطابق ووٹر لسٹیں تیار کر رہی ہے۔ ارکان پارلیمنٹ کو یہ مسئلہ اٹھانا چاہیے۔" کانگریس رہنما راہل گاندھی نے کہا کہ تمام ارکان پارلیمنٹ کو اپنے اپنے علاقوں کے مقامی مسائل کو ایوان میں اٹھانا چاہئے۔ انہوں نے داخلی سلامتی کو ایک بڑا مسئلہ قرار دیتے ہوئے کہا کہ دہلی میں دہشت گردانہ حملہ ایک بڑی کوتاہی ہے۔ اجلاس میں انہوں نے کہا کہ فضائی آلودگی کے معاملے پر ایوان میں بحث کے لیے حکومت پر دباؤ ڈالنا چاہیے۔ کانگریس کے صدر اور راجیہ سبھا میں اپوزیشن لیڈر ملکارجن کھڑگے، پارٹی کے سینئر رہنما پی چدمبرم، جئے رام رمیش، پرمود تیواری، سید ناصر حسین، مانیکم ٹیگور، اور کئی دوسرے لیڈروں نے میٹنگ میں شرکت کی۔ میٹنگ کے بعد راجیہ سبھا میں کانگریس کے ڈپٹی لیڈر پرمود تیواری نے کہا کہ انتخابی اصلاحات پر پہلے بھی کئی بار بحث ہو چکی ہے، اس لیے اس بار ان پر دوبارہ بحث کرنے میں کوئی ہچکچاہٹ نہیں ہونی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابی اصلاحات پر بحث کانگریس کی اولین ترجیح ہے۔ حکومت نے کہا کہ پارلیمنٹ کو آسانی سے کام کرنا چاہئے اور تعطل سے بچنے کے لئے حزب اختلاف کی جماعتوں کے ساتھ بات چیت جاری رکھے گی۔ کل جماعتی میٹنگ کے بعد پارلیمانی امور کے وزیر کرن رجیجو نے طنزیہ انداز میں کہا کہ یہ سرمائی اجلاس ہے اور سب کو ٹھنڈے دماغ سے کام کرنا چاہیے۔ بہار اسمبلی انتخابات میں نیشنل ڈیموکریٹک الائنس (این ڈی اے) کی شاندار جیت سے حوصلہ افزا مرکزی حکومت اس سیشن میں 14 بل پیش کر سکتی ہے۔ کل جماعتی میٹنگ کے بعد، لوک سبھا اور راجیہ سبھا کی بزنس ایڈوائزری کمیٹیوں (بی اے سی) نے اتوار کی شام کو ملاقات کی، جہاں اپوزیشن نے انتخابی اصلاحات کے وسیع تر مسئلے پر بحث کا مطالبہ کیا۔ حکومت نے حزب اختلاف کو یقین دلایا کہ وہ اس معاملے پر جلد اپنے خیالات سے آگاہ کرے گی۔ حکومت نے وندے ماترم کی تشکیل کی 150 ویں سالگرہ پر بحث پر اصرار کیا ہے، لیکن بہت سی حزب اختلاف جماعتوں نے اس کے لیے بہت کم جوش و خروش دکھایا ہے۔



